
58th Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 116 | صفحات : 08 | ۲۹ اپریل ۲۰۲۶ بروز بدھوار بمطابق ۱۱ ذوالقعدۃ ۱۴۴۷ | Wednesday 29th April 2026 | جلد نمبر 58



### بھونیشور پرپل کیپ کے نئے لیڈر

آئی پی ایل ۲۰۲۶ کے مقابلے میں رائل چیلنجرز بنگلورو (آر سی بی) نے دہلی کیپیٹلز (ڈی سی) کو محض ۷۵ رنوں پر سمیٹتے ہوئے یکطرفہ جیت درج کی۔ اس میچ کے بعد پرپل کیپ اور اورنج کیپ کی ریس میں بڑی تبدیلی دیکھنے کو ملی۔ آر سی بی کے تیز گیند باز بھونیشور کمار نے شاندار گیند بازی کرتے ہوئے ۳ اوور میں صرف ۵ رن دے کر ۳ وکٹ جھٹکے۔ (تفصیلات اندر)



### کارلوس الکاراز کی شرکت مشکوک


اسپین کے شہرہ آفاق ٹینس اسٹار دفاعی چیمپئن اور عالمی نمبر ٹو کارلوس الکاراز کی دائیں کلائی کی انجری کے باعث رواں سال کے دوسرے بڑے گرینڈ سلیم ایونٹ فرنچ اوپن میں ان کی شرکت مشکوک ہو گئی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ آئندہ چند دنوں میں ہونے والے طبی معائنے فیصلہ کن ہوں گے کہ وہ گرینڈ سلیم ٹورنامنٹ میں حصہ لے سکیں گے۔ (تفصیلات اندر)

## موسمیاتی تبدیلی زراعت اور انسانی بقا کیلئے بڑا چلینج/LG

### اب وقت معمولی اصلاحات کا نہیں بلکہ سائنسی بنیادوں پر مبنی، جرات مندانہ اور کسان مرکوز اصلاحات کا ہے



جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے سکاسٹ جموں میں ''دیرپا اور موسمیاتی طور پر زرعی نظام: اختراعات اور پالیسی فریم ورک'' کے موضوع پر قومی سمٹ میں شرکت کی۔ اُنہوں نے سائنسدانوں، اختراع کاروں اور دیگر شراکت داروں پر زور دیا کہ وہ زراعت میں موسمیاتی تبدیلی کے چیلنج سے نمٹنے اور دیرپا زرعی ماحولیاتی نظام کو تبدیل کرنے کے لئے مل کر کام کریں۔ اُنہوں نے کہا، ''اَب وقت آ گیا ہے کہ معمولی تبدیلیوں سے آگے بڑھ کر جرأت مندانہ، سائنس پر مبنی اور کسان مرکوز تبدیلی کو اَپنایا جائے۔ پالیسیوں کو ماحول دوست فصلوں کی حمایت کرنی چاہیے۔ ہمیں لیبارٹری اور کھیتوں کے درمیان فرق کو ختم کرنا ہوگا اور محققین کو ماحول کے موافق انواع کی تخلیق کو اَپنی اوّلین ترجیح بنانا چاہیے۔'' لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ ہمارے کھیت تہذیب کی بنیاد، معیشت کی ریڑھ کی ہڈی اور مستقبل کی اُمید ہیں۔ اُنہوں نے کہا، ''ہر پالیسی، ہر مداخلت کو اس بات کا احترام کرنا چاہیے کہ ہمارے کھیتوں اور کسانوں نے صدیوں سے اِنسانیت کو آگے بڑھایا ہے۔ اَب موسمیاتی تبدیلی کا خطرہ کسان کے کھیت سے کہیں آگے بڑھ چکا ہے اور یہ ہر اس زِندگی کے لئے خطرہ بن چکا ہے جو زراعت/4




## رعناواری میں 1.5 کروڑ کی جائیداد ضبط

### اننت ناگ میں 20 مقامات کا کریک ڈاؤن

سرینگر/ یو این ایس کے مطابق ولیس کے مطابق ریناواری تھانے نے این ڈی پی ایس ایکٹ کی دفعہ 68-ایف کے تحت کارروائی کرتے ہوئے ملزم بلال احمد پٹو ولد علی محمد پٹو، ساکن سلطان محلہ سعید کدل سرینگر کی ملکیت ایک رہائشی مکان اور تقریباً 11 مرلہ اراضی کو ضبط کیا۔ یہ کارروائی ایف آئی آر نمبر 39/2022 (دفعات 8/20-29 این ڈی پی ایس ایکٹ) کے تحت کی گئی۔ حکام کا کہنا ہے کہ ضبط کی گئی جائیداد منشیات کی اسمگلنگ سے حاصل شدہ غیر قانونی/1

## جموں وکشمیر کی تعمیر وترقی کیلئے 3566 کروڑ روپے کا منصوبہ منظور

### مرکزی حکومت صرف سڑکیں بنانے کیلئے نہیں، بلکہ دلوں کو جوڑنے کے عزم کے ساتھ آئی ہے



سرینگر/ یو این آئی/ مرکزی وزیر برائے دیہی ترقی و زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے منگل کے روز یہاں 'پردھان منتری گرام سڑک یوجنا' کے تحت 3566 کروڑ روپے کی لاگت والے منصوبوں کا منظوری نامہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے حوالے کیا۔ اس موقع پر مرکزی وزیر نے 'دین دیال انتودیہ یوجنا-قومی دیہی معاش مشن' کے تحت 24 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی خواتین کے سیلف ہیلپ گروپس کے لیے 4568.23 کروڑ روپے سے زائد کی رقم بھی جاری کی۔ اس تقریب میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چوہدری اور دیگر اعلیٰ حکام موجود تھے۔ مسٹر چوہان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں مرکزی حکومت صرف سڑکیں بنانے کے لیے نہیں، بلکہ دلوں کو جوڑنے کے عزم کے ساتھ آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر کی ترقی کے لیے "دل کے دروازے بھی کھلے ہیں اور دہلی کے دروازے بھی۔" انہوں نے مزید بتایا کہ ایک ہی سال میں ریاست کے لیے/2

### شیوراج سنگھ سچے دوست، ہمدرد اور ''ماما'' ہیں/ عمر عبداللہ

#### مرکزی وزیر نے جموں وکشمیر کے ترقیاتی معاملات میں غیر معمولی دلچسپی لی ہے

سرینگر/ یو این ایس/ جھیل ڈل کے کنارے سرینگر کے معروف کنونشن سنٹر ایس کے آئی سی سی میں پردھان منتری گرام سڑک یوجنا-IV، فیز-II کے باضابطہ آغاز کے موقع پر ایک اہم تقریب منعقد ہوئی، جس میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان کو نہ صرف جموں وکشمیر کا سچا دوست اور ہمدرد قرار دیا بلکہ انہیں عوامی طور پر معروف لقب'' ماما'' سے بھی مخاطب کیا، جو مدھیہ پردیش میں ان کی عوامی مقبولیت کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ یو این ایس کے مطابق اپنے تفصیلی خطاب میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ ڈیڑھ برس کے دوران مرکزی وزیر نے جموں وکشمیر کے ترقیاتی معاملات میں غیر معمولی دلچسپی لی ہے اور بار ہا یہاں کے مسائل کے حل کے لیے تعاون فراہم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس مسلسل/3

## آپریشن سندور دہشت گردی کے خلاف ہندوستان کے پختہ عزم کی علامت

### شنگھائی تعاون تنظیم کے وزرائے دفاع میٹنگ سے راج ناتھ سنگھ کا خطاب



نئی دہلی/ یو این آئی/ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آپریشن سندور کو دہشت گردی کے خلاف ہندوستان کے پختہ عزم کی علامت قرار دیتے ہوئے دہشت گردی، علیحدگی پسندی اور انتہا پسندی جیسی "برائیوں" کا مقابلہ کرنے کے لیے دہشت گردوں کے محفوظ ٹھکانوں کو ختم کرنے اور کسی بھی سیاسی استثنیٰ کو مسترد کرتے ہوئے متحدہ محاذ بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ مسٹر سنگھ نے یہ بات منگل کو کرغزستان کے بشکیک میں شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے وزرائے دفاع کی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن سندور ہندستان کے اس عزم کی علامت ہے کہ دہشت گردی کے گڑھ اب مناسب سزا سے اچھوتے نہیں رہیں گے۔ انہوں نے دہشت گردی، علیحدگی پسندی اور انتہا پسندی جیسی "برائیوں" سے نمٹنے کے لیے محفوظ ٹھکانوں کو ختم کرنے اور کسی بھی سیاسی استثنیٰ کو مسترد کرتے ہوئے متحدہ محاذ/9




## سکم نے اپنے ترقیاتی سفر میں نمایاں پیش رفت کی ہے/ نریندر مودی

### 50ویں یومِ تاسیس کی تقریبات کے اختتام کے موقع پر وزیر اعظم کا جلسہ عام سے خطاب



گنگٹوک/ یو این آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ قدرتی کھیتی کا سکم ماڈل پورے ملک کے لیے ایک تحریک ہے اور سکم کا طرزِ زندگی اور یہاں کے لوگوں کا عزم ملک کے مستقبل کے خوابوں کا حصہ بن چکا ہے۔ وزیر اعظم مودی منگل کی صبح ریاست کے 50ویں یومِ تاسیس کی تقریبات کے اختتام کے موقع پر ایک جلسہ عام سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ سکم میں بہت زیادہ صلاحیتیں موجود ہیں اور ان میں سے ایک اہم شعبہ کھیل ہے، جہاں نوجوانوں نے اپنی قابلیت اور ٹیلنٹ کو ثابت کیا ہے۔ وزیر اعظم نے بتایا کہ ان کی حکومت 'کھیلو انڈیا' جیسے پروگراموں کے ذریعے ملک بھر میں کھیلوں کی حوصلہ افزائی اور سہولیات میں اضافے کے لیے کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سکم نے اپنے ترقیاتی سفر میں نمایاں پیش رفت کی ہے، لیکن ہمیں سکم کو مزید تیز رفتاری سے آگے بڑھانے اور 'وکست بھارت' کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے/6

## کھنموہ میں 5 افراد گرفتار

### دستی بم اور دیگر اسلحہ برآمد/ پولیس

سرینگر/ یو این ایس/ سرینگر میں سکیورٹی فورسز نے ایک اہم کارروائی انجام دیتے ہوئے پانچ افراد کو گرفتار کر لیا ہے، جن کے قبضے سے دستی بم، گولہ بارود اور دیگر قابل اعتراض مواد برآمد ہوا ہے۔ پولیس کے مطابق یہ کارروائی جموں کشمیر پولیس کی ایک ٹیم نے کھنموہ کے نارد سنگری علاقے میں ناکہ چیکنگ کے دوران انجام دی۔ گرفتار افراد کو اس وقت حراست میں لیا گیا جب وہ مشکوک حالات میں پائے گئے۔ سینئر پولیس افسر کے مطابق گرفتار شدگان کے قبضے سے دو ہینڈ گرینیڈ، دو میگزین، متعدد کارتوس، اشتعال انگیز پوسٹرز اور چھ موبائل فون برآمد کیے گئے۔ برآمد شدہ مواد کو ضبط کر کے مزید جانچ کے لیے بھیج دیا گیا ہے۔

## محمد یوسف چاپری کو صدمہ

### نواسہ امان طاہر راہ کا انتقال

سرینگر/ یو این ایس/ کشمیر اکنامک الائنس کے چیئرمین محمد یوسف چاپری کے معصوم نواسے امان طاہر راہ کے انتقال پر وادی کی متعدد تجارتی، سماجی اور مذہبی انجمنوں نے گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار خاندان کے ساتھ دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ یو این ایس کے مطابق مرحوم امان فاروق، ولد طاہر احمد، ساکن غوثیہ کالونی اشبر نشاط کے انتقال پر ان کے آبائی گھر میں فاتحہ خوانی کا اہتمام کیا گیا، جس میں تاجر رہنماؤں کے علاوہ سول سوسائٹی، مذہبی وسماجی تنظیموں کے نمائندوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تعزیتی مجلس کے دوران کشمیر اکنامک الائنس کے/7

## ترکی سے منشیات اسمگلر محمد سلیم ڈولا کو واپس لانا بڑی کامیابی/ شاہ

### سرغنہ کہیں بھی چھپ جائیں، اب ان کیلئے کوئی جگہ محفوظ نہیں ہے



نئی دہلی/ یو این آئی/ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ نارکو سنڈیکیٹ کے خلاف حکومت کی 'زیرو ٹالرنس' پالیسی کے مطابق نارکوٹکس کنٹرول بیورو (این سی بی) نے ترکی سے بدنام منشیات اسمگلر محمد سلیم ڈولا کو واپس لانے میں بڑی کامیابی حاصل کی ہے۔ مسٹر شاہ نے منگل کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ "مودی حکومت کی نارکو سنڈیکیٹ کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت این سی بی نے آج ترکی سے بدنام منشیات اسمگلر محمد سلیم ڈولا کو واپس/5

## دفعہ 370 کی بحالی نیشنل کانفرنس کا بنیادی ایجنڈا/ فاروق عبداللہ

### حکومت کا دوہرا نظام عدم استحکام اور افراتفری کا باعث بن سکتا ہے



سرینگر/ نیشنل کانفرنس کے سرپرست فاروق عبداللہ نے کہا کہ آرٹیکل 370 کی بحالی پارٹی کا بنیادی ایجنڈا ہے، اور ''اس جدوجہد سے پیچھے ہٹنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا''۔ پیر کو وسطی کشمیر کے بڈگام میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے، عبداللہ نے جموں وکشمیر کے لوگوں کے حقوق اور وقار کے تحفظ پر پارٹی کے بنیادی موقف کی توثیق کی، جس میں آرٹیکل 370 کی بحالی بھی شامل ہے، جسے مرکز نے 2019 میں منسوخ کر دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر جیسے حساس/10

## تجارتی اداروں کیلئے واٹر میٹر نصب کرنے کا فیصلہ

### جل شکتی محکمہ کی سربراہی میں اعلیٰ سطحی پینل قائم، تکنیکی وعملی خاکہ تیار ہوگا

سرینگر/ یو این ایس/ مرکزی زیر انتظام خطہ جموں کشمیر حکومت نے کمرشل اداروں اور مختلف سرکاری ونجی ادارہ جاتی یونٹس میں پانی کے استعمال کو منظم بنانے کے لیے واٹر میٹرز کی تنصیب کا عمل شروع کرنے کی غرض سے ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ اس اقدام کو پانی کے بڑھتے ہوئے استعمال، وسائل کے تحفظ اور شفاف بلنگ نظام کے قیام کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا جا رہا ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق،/8

